چیئرمین کی جائزہ رپورٹ

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، مجھے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے OLP فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔

مالی سال 2026 کے دوران پاکستان کی معیشت نے عالمی سطح پر درپیش مشکل حالات کے باوجود اپنی بحالی کا عمل جاری رکھا۔ صنعتی سرگرمیوں میں بحالی کے باعث معاشی سرگرمیوں میں بہتری آئی، جبکہ مالیاتی انتظام میں پیش رفت اور بیرونی شعبے میں استحکام نے زیادہ مستحکم میکرو اکنامک ماحول پیدا کرنے میں معاونت کی۔ تاہم، سال کے دوران مشرقِ وسطیٰ میں جغرافیائی سیاسی کشیدگی میں دوبارہ اضافہ بھی دیکھنے میں آیا، جس کے باعث عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں، تجارت اور افراطِ زر کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال پیدا ہوئی۔ ان حالات کے باوجود، پاکستان نے معاشی اصلاحات اور استحکام کی کوششوں کو جاری رکھتے ہوئے مضبوط لچک کا مظاہرہ کیا۔

OLP کے لیے بدلتے ہوئے معاشی ماحول نے مالیاتی مضبوطی برقرار رکھنے، خطرات کے منظم انتظام اور ترقی کے لیے محتاط حکمتِ عملی اپنانے کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا، جبکہ کمپنی اپنی پوزیشن کو اس طرح برقرار رکھے ہوئے ہے کہ معاشی سرگرمیوں میں بہتری کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مواقع سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔

OLP پورٹ فولیو کے معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر متوازن ترقی حاصل کرنے کی اپنی حکمتِ عملی پر بدستور عمل پیرا ہے۔ نئی رقوم کی فراہمی 21.07 بلین روپے تک پہنچ گئی، جبکہ گزشتہ سال یہ 19.11 بلین روپے تھی، جو کاروباری حجم میں مسلسل اضافے اور چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) تک ہماری بڑھتی ہوئی رسائی کی عکاسی کرتی ہے۔ مؤثر اثاثہ جات کے انتظام اور پورٹ فولیو میں اضافے کی بدولت مجموعی اثاثوں میں 14.20 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 40.44 بلین روپے تک پہنچ گئے، جبکہ جون 2025 میں یہ 35.41 بلین روپے تھے۔ پورٹ فولیو کے معیار میں بھی بہتری آئی، جو deliquency rate کی کمی سے ظاہر ہوتا ہے، اور یہ محتاط خطرات کے انتظام پر ہماری مسلسل توجہ کو مزید تقویت دیتا ہے۔

قبل از ٹیکس منافع میں 7.39 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 2,161 ملین روپے تک پہنچ گیا، جبکہ بعد از ٹیکس منافع میں 8.83 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 1,333 ملین روپے رہا۔ یہ کارکردگی کم شرحِ سود کے ماحول میں ایکویٹی سے مالی اعانت یافتہ پورٹ فولیو کی ییلڈز پر دباؤ کے باوجود حاصل کی گئی، جو ہمارے بنیادی کاروبار کی مضبوطی اور فنڈنگ کی لاگت میں کمی کی عکاسی کرتی ہے۔ کمپنی کی مالیاتی مضبوطی کی مزید توثیق VIS کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے کی گئی، جس نے طویل مدتی "AAA" اور قلیل مدتی "A1+" کریڈٹ درجہ بندی تفویض کیں ہیں۔

مجموعی طور پر، بورڈ نے کمپنی کے مقاصد کی معاونت میں حکمتِ عملی کی سمت اور مؤثر نگرانی فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار مؤثر انداز میں جاری رکھا، جس کی عکاسی بورڈ سے منظور شدہ طریقہ کار کے تحت کیے گئے سالانہ جائزے سے بھی ہوتی ہے۔

مستقبل کی جانب دیکھتے ہوئے، OLP بدلتے ہوئے کاروباری ماحول کے مطابق اپنی حکمتِ عملی میں ضروری ردوبدل کرتے ہوئے اپنی قائم شدہ مضبوطیوں کو مزید مستحکم کرتی رہے گی۔ ہماری توجہ بدستور SMEs اور معیشت کے دیگر پیداواری شعبوں کی مالیاتی ضروریات پوری کرنے، پائیدار کاروباری ترقی کے حصول اور خطرات کے حوالے سے محتاط حکمتِ عملی برقرار رکھنے پر مرکوز رہے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ، ہم اپنی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے، خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے اور اپنے صارفین کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق مواقع تلاش کرنے کا عمل جاری رکھیں گے۔

اس سفر میں ہمارے لوگ بدستور مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کا تجربہ، عزم اور بدلتے حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی صلاحیت، مضبوط گورننس اور خطرات کے انتظام کے لیے منظم اور محتاط طریقہ کار کے ساتھ مل کر OLP کی مسلسل پیش رفت کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز اور ملازمین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس مشکل وقت میں کمپنی کو چلانے میں عزم اور لگن کے ساتھ اپنا حصہ ڈالا اور سال کے دوران ریگولیٹرز کی مسلسل رہنمائی اور تعاون کا بھی شکرگزار ہوں۔



خالد عزیز مرزا

چیئرمین